# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

(Administration Branch)

No.7(10)/2023-24-Admn

Islamabad, the 12th July, 2023.

## OFFICE MEMORANDUM

Subject:- **TENDER FOR THE SUPPLY OF TONER CARTRIDGES (ORIGINAL & CHINA MADE) FOR THE NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT, ISLAMABAD.**

The undersigned is directed to enclose herewith a copy of Tender Notice along-with tender documents for the supply of Toner Cartridges (Original & China made) in the National Assembly Secretariat, Islamabad, for uploading on PPRA Website.

Sd/-

**(SHAUKAT HAYAT)**
Section Officer (Admn)
Telephone No.9103214

Public Procurement Regulatory Authority,
(Mr. Muhammad Farooq-Deputy Director (Admn),
F.B.C Building, G-5/2,
**Islamabad.**

Copy to Director (IT), National Assembly Secretariat along-with a copy of above Tender Notice for uploading on National Assembly Secretariat Website.

**(SHAUKAT HAYAT)**
Section Officer (Admn)

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر۔ایف 7(10)2023-2024۔ایڈمن

اسلام آباد، مورخہ 12 رجولائی، 2023ء

## ٹینڈر نوٹس

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، اسلام آباد کو دوران مالی سال 24-2023ء کے لئے مختلف کمپیوٹر پرنٹرز کے ٹونرز (Original & China Made) کی فراہمی کے لئے پیپرا کے قواعد 2004ء Single Stage Two Envelops Procedure کے مطابق لوکل معیاری فرموں سے سر بمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں جو کہ زیر دستخطی کو مورخہ 31 رجولائی، 2023ء کو دن گیارہ بجے تک موصول ہو جانے چاہئیں۔ ٹینڈرز اسی دن ساڑھے گیارہ بجے حاضر ٹینڈرز دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

## شرائط برائے پیشکش ٹینڈرز:۔

۱۔ فرم نہایت مستحکم، انکم ٹیکس اور جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ ہونی چاہیے، اس کا اپنا سٹور ر دکان ہونی چاہیے اور اس کے پاس فرم کے نام کا لینڈ لائن ٹیلی فون نمبر بھی موجود ہونا چاہیے۔(کاپی منسلک کریں) ورنہ ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔

۲۔ ہر فرم اشٹام پیپر پر اپنا سرٹیفکیٹ دے کہ فرم کبھی بھی کسی گورنمنٹ آفس کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں ہوئی ہے۔

۳۔ فرم کو (Original & China Model Toner Cartridges Samples) نمونہ جات ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کرنے ہوں گے۔ تمام ٹونرز کے نمونہ جات پر فرم اپنی مہر ثبت کرے۔

۴۔ فرم ٹونرز کی فراہمی سپلائی آرڈر کے اجراء کے بعد مکمل تعداد میں تین دن کے اندر پارلیمنٹ ہاؤس میں سپلائی کرنے کی پابند ہوں گی اور ایمر جنسی کی صورت میں ایک دن میں سپلائی دینا ہو گی تاخیر کی صورت میں فرم کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

5۔ فرم کے پاس ٹونرز کی فراہمی کا کم از کم پانچ سال کا تجربہ ہونا چاہیے۔

6۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان اپنے خرچے پر پوری مدت کے دوران قیمت اور کوالٹی میں تبدیلی کئے بغیر ٹونرز فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔

7۔ تمام اشیاء کے ریٹ گورنمنٹ ٹیکسز بشمول جی ایس ٹی تحریر کئے جائیں۔

8۔ مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ تمام یا کسی بھی پیشکش کو پیپرا رولز 2004ء میں طے شدہ طریقہ کار کے تحت منظور یا مسترد کر دے۔

9۔ ٹینڈر ڈاکومنٹ کی لسٹ (بلا معاوضہ) دفتری اوقات کے دوران (ایڈمن برانچ)، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

10۔ ٹینڈر میں دیئے گئے نرخ 30رجون، 2024ء تک لاگو رہیں گے۔ ٹینڈر باہمی رضامندی سے مزید ایک سال کے لیے قابل توسیع ہو گا۔

11۔ خواہشمند فرمیں ٹینڈر کے ہمراہ 100,000 کال ڈیپازٹ بطور زر ضمانت (قابل واپسی) بنام سیکشن آفیسر (ایڈمن)، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔ اوریجنل پے آرڈر کو فنانشل کے ساتھ اور پے آرڈر کی فوٹو کاپی ٹیکنیکل کے ساتھ منسلک کی جائے ورنہ ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔

سیکشن آفیسر (ایڈمن)، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔

ٹیلی فون:۔ 051-9022366